(مبصر: عبدالرشید عراقی)

④ رسولِ کائنات ﷺ

مصنف: پروفیسر حکیم عنایت اللہ نسیم سوہدروی مرتب ومدوّن: حکیم راحت نسیم سوہدروی
ناشر: نذیر سنز پبلشرز، ۴۰/اے اردو بازار، لاہور صفحات: ۳۴۰

سیرتِ نبوی ﷺ ایک عظیم موضوع ہے۔ وسعت کے اعتبار سے بحر بیکراں ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین تھے اور آپ سے پہلے ہر زمانہ اور ملک میں اللہ تعالیٰ کے پیغمبر اور فرستادے آئے کہ وہ اپنی اپنی قوموں کے سامنے اپنی زندگی کے نمونے پیش کریں تاکہ ان کی پوری قوم یا اس کے نیک افراد فلاح اور کامیابی حاصل کریں اور آخر میں آنحضرت ﷺ کو 'رحمتِ عالم' بنا کر بھیجا گیا تاکہ وہ تمام عالم کے لئے دنیا میں اپنی زندگی کا نمونہ ہمیشہ کے لئے چھوڑ جائیں۔ آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے قرآن مجید نے یہ اعلان کیا

﴿فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ﴾

"میں اس (دعویٰ نبوت سے) پہلے تمہارے درمیان ایک عمر رہا ہوں، کیا تم نہیں سمجھتے"

اس آیت میں درحقیقت وحی الٰہی نے خود اپنے پیغمبر کی سوانح عمری اور سیرت کو اس کی نبوت کے ثبوت میں پیش کیا ہے۔

آنحضرت ﷺ کی سیرت پر سب سے قدیم مآخذ سیرتِ ابن ہشام ۲۱۸ھ، محمد بن اسحٰق (۲۳۰ھ) کی طبقات ابن سعد، امام محمد بن جریر طبری (م ۳۱۰ھ) کی تاریخ الرسل والملوک (تاریخ طبری) اور امام محمد بن اسمٰعیل بخاری (م ۲۵۶ھ) کی تاریخ کبیر اور تاریخ صغیر ہیں۔ برصغیر (پاک وہند) میں سیرتِ نبوی ﷺ پر بے شمار کتابیں اپنے اپنے رنگ میں علماءِ کرام نے ترتیب دیں۔ مگر جن کتابوں نے اہل علم میں ایک خاص مقام حاصل کیا اور جن میں آنحضرت ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، ان میں مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری کی رحمۃ للعالمینؐ، مولانا شبلی نعمانی اور مولانا سید سلیمان ندوی کی سیرۃ النبیؐ، مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی کی سیرۃ المصطفیؐ، مولانا محمد ادریس کاندھلوی کی سیرۃ المصطفیؐ اور مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی نبیؐ رحمتؐ خاص طور پر مشہور ہیں۔

ان کے علاوہ سیرتِ نبوی ﷺ پر ایک نئے انداز میں آنحضرت ﷺ کی حیاتِ طیبہ اور آپ کے کارناموں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ان میں مولانا ابوالکلام آزاد کی رسولِ رحمتؐ، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی سرورِ دو عالم ﷺ، نعیم صدیقی کی محسن انسانیتؐ، مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری کی الرحیق المختوم، مولانا مناظر احسن گیلانی کی **النبي الخاتم** اور مولانا خالد علوی کی انسانِ کاملؐ لائق تحسین ہیں۔

علماءِ کرام نے سیرتِ نبی ﷺ کے مختلف موضوع پر خطبات کی صورت میں بھی کتابیں مرتب فرمائیں اور اس سلسلہ میں جو کتابیں مرتب ہوئیں۔ ان میں مولانا سید سلیمان ندوی کے خطباتِ مدراس اور ڈاکٹر محمد آصف قدوائی کے خطباتِ سیرت بہت عمدہ اور نفیس کتابیں ہیں۔ مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی مرحوم نے ایک کتاب بصورتِ خطبات "رہبر کامل" سے مرتب کر کے شائع کی۔

پروفیسر حکیم عنایت اللہ سوہدروی مرحوم برصغیر (پاک وہند) کے ممتاز ادیب، دانشور اور طبیبِ حاذق تھے۔ حکیم صاحب مرحوم جامع الکمالات تھے۔ قدرت کی طرف سے اچھا دل اور دماغ لے کر پیدا ہوئے تھے۔